علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اُردو تنقید I (5605) سمسٹر: بہار 2026

سطح: ایم اے اُردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر 1: ادب محض الفاظ کی ترتیب نہیں بلکہ انسانی شعور، احساس اور تہذیبی تجربے کا اظہاری پیکر ہے۔ اس تناظر میں ادب کی جامع تعریف تحریر کریں اور واضح کریں کہ مختلف ادوار میں ادب کے تصور میں کیا فکری تبدیلیاں رونما ہوئیں؟ (20)

سوال نمبر 2: عربی تنقید ایک مسلسل فکری سفر کا نام ہے جو زبان، بیان اور معنی کے مختلف مراحل سے گزرتی رہی ہے۔ عربی تنقید کے اہم تاریخی ادوار کا تعارف پیش کریں اور ہر دور کی نمایاں تنقیدی خصوصیات کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 3: ایک اچھا نقاد صرف متن کا تجزیہ کیسے کرتا ہے؟ آپ کے نزدیک ایک مثالی نقاد کن ذہنی، فکری اور جمالیاتی صلاحیتوں کا حامل ہونا چاہیے؟ مفصل اظہارِ خیال کریں۔ (20)

سوال نمبر 4: جدید عہد میں فارسی تنقید کی اہمیت بیان کریں۔ ان جدید رجحانات کی وضاحت کریں اور قدیم فارسی ادبی سرمائے کی روشنی میں ان کی معنویت واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 5: مندرجہ ذیل پر مختصر نوٹ لکھیں: (20)

i- محاسنِ کلام سے کیا مراد ہے؟ ii- معائبِ کلام سے کیا مراد ہے؟

امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر 1: دانتے محض ایک عظیم شاعر نہیں بلکہ مغربی تنقیدی شعور کی تشکیل میں ایک مؤثر آواز ہے۔ دانتے کی تنقیدی فکر اور اس کی عالمی ادبی اہمیت پر جامع نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 2: رومانوی تحریک نے انگریزی تنقید کو جذبے، تخیل اور فطرت سے نئی معنویت عطا کی۔ شیلے اور ورڈز ورتھ کی تنقیدی اہمیت کا تجزیہ کریں اور واضح کریں کہ انھوں نے شاعری کے تصور کو کس طرح بدل دیا۔ (20)

سوال نمبر 3: ایذرا پاؤنڈ کی تنقیدی اہمیت کیا ہے؟ اس کی تنقیدی فکر کے اثرات کو ٹی۔ ایس۔ ایلیٹ اور 'نئی تنقید' کے حوالے سے تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4: کروچے کے نزدیک فن محض اخلاق یا منطق نہیں بلکہ خالص وجدانی تجربہ ہے۔ اس کے جمالیاتی نظریات کے بنیادی نکات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5: مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیں: (20)

i- آرنلڈ نے اخلاق کو شاعری کے لیے ضروری قرار دیا۔ تفصیل سے بحث کریں۔

ii- بینی ڈیٹو کروچے کے تنقیدی افکار پر روشنی ڈالیے۔